سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ 'ڈکشنری کی دستاویز' میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# معاشی سرگرمیاں اور روزگار

## متعلقہ اہم سوالات

## ECONOMIA I TREBALL

### اپنا کاروبار کرنا یا کسی کے پاس ملازمت کرنا

### TREBALL PER COMPTE PROPI O TREBALL PER COMPTE D'ALTRI

### کام کرنے کا معاہدہ۔ملازم خواتین وحضرات کا حق اور قانونی طور پر لازمی ہے

### LA CONTRACTACIÓ LABORAL. DRETS I DEURES DELS TREBALLADORS I LES TREBALLADORES

## اپنا کاروبار کرنا یا کسی کے پاس ملازمت کرنا

## TREBALL PER COMPTE PROPI O TREBALL PER COMPTE D'ALTRI

### سوال: کتلان ادارہ برائے روزگار (Servei d'Ocupació de Catalunya) کیا ہے۔؟

جواب۔ کتلان ادارہ برائے روزگار (Servei d'Ocupació de Catalunya) ایک ایسا ادارہ ہے جو کتلان حکومت 'جنرلیتات دے کتلونیا' نے حصول روزگار بارے ایک ثالثی ادارہ (intermediació laboral) قائم کر رکھا ہے جس کا نیٹ ورک پورے کتلونیا میں پھیلا ہوا ہے۔ جنہیں جنرلیتات کے دفاتر برائے روزگار یا OTG (Oficines de Treball de la Generalitat) کہا جاتا ہے

http://www.oficinatreball.cat

کتلان ادارہ برائے روزگار ایسے خواہشمند افراد کیلئے اپنی خدمات پیش کرتا ہے جنہوں نے اس کے دفاتر میں اپنا نام درج کروا رکھا ہے۔ خواہشمند افراد میں ایسے لوگ بھی شامل ہیں جو بیروزگار ہیں یا جو لوگ کہیں کام کر رہے ہیں مگر وہ اپنا کام تبدیل کرنا چاہتے ہوں

اس کے علاوہ یہ ادارہ اپنا کاروبار کرنے والے (autònoms) افراد کیلئے بھی خدمات فراہم کرتا ہے اور ان اداروں کیلئے بھی جو کتلان ادارہ برائے روزگار کے ذریعے ملازمت کے خواہشمند افراد کو کام پر رکھنا چاہتے ہیں جن کی قابلیت ان کے ادارے کیلئے مناسب ہو

یہ ایک سرکاری ادارہ ہے اور اس کی خدمات بالکل مفت ہیں۔ جس کا کام صرف تلاش روزگار میں ثالث کا ہے یعنی تلاش روزگار کے خواہشمند (ایسے افراد جنہوں نے اس دفتر میں اپنا نام درج کروا رکھا ہے) اور ملازمین کے متلاشی اداروں کے درمیان ایک رابطہ یا پل کا کام کرتا ہے

کتلان ادارہ برائے روزگار کے ذریعے ہم کتلونیا اور کتلونیا سے باہر پورے اسپین بلکہ یورپی یونین (Unió Europea) کے ممالک میں بھی کام حاصل کر سکتے ہیں

## سوال: جنرلیتات کے دفاتر برائے روزگار (OTG) کیا ہیں۔؟

جواب۔ جنرلیتات کے دفاتر برائے روزگار (OTG) کتلان ادارہ برائے روزگار کے دفاتر کا پورے کتلونیا میں پھیلا ہوا ایک نیٹ ورک ہے جس کے ذریعے ملازمت کی ضرورت Servei d'Ocupació کو پورا کیا جاتا ہے۔ اس کی خدمات ملازمین اور مختلف کمپنیوں یا اداروں کیلئے ہے۔ یہ جاننے کیلئے کہ ہمارے علاقے میں جنرلیتات کا دفتر برائے روزگار کون سا ہے اس کیلئے ہم 012 پر فون کر کے اپنے علاقے کا پوسٹل کوڈ بتا کر معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہمیں کتلان ادارہ برائے روزگار SOC کی ویب سائٹ سے بھی معلومات مل سکتی ہیں۔

www.oficinatreball.cat

جنرلیتات کے دفاتر برائے روزگار میں ہمیں جنرل معلومات۔ مختلف جاب اور کام کیلئے پیشکش کے علاوہ یہاں پر معاہدہ روزگار (contractes de treball) کا اندراج بھی ہوتا ہے اسکے علاوہ سوشل سیکورٹی (Seguretat Social) کی مالی امداد بارے درخواست دی جا سکتی ہے جیسے بیروزگاری الاؤنس (prestació d'atur) وغیرہ

## سوال: تلاش روزگار کیلئے ہمیں کتلان ادارہ برائے روزگار SOC میں نام درج کروانا کیوں لازمی ہے۔؟

جواب۔ تلاش روزگار کے دوران قانونی طور پر لازمی ہے کہ مقررہ مدت کے دوران ہم کتلان ادارہ برائے روزگار SOC کے گھر سے قریبی دفاتر OTG میں اپنا نام درج کروائیں۔ اس کے علاوہ روزگار کے حصول کیلئے یا کوئی بھی معاشی سرگرمی کا آغاز کرنے کیلئے ہمارا کتلان ادارہ روزگار میں نام کا اندراج لازمی ہے۔

تلاش روزگار میں مصروف بیروزگار افراد اپنی ضروریات کے مطابق مناسب کورس بھی کر سکتے ہیں۔ چاہے وہ پیشہ وارانہ ترقی کورس ہوں یا کسی بھی کام بارے معلوماتی جو ہمیں آئندہ کام آ سکتے ہیں۔ ایسے تمام کورسز جو کتلان ادارہ برائے روزگار SOC بیروزگار افراد کیلئے پیش کرتا ہے ان کی کوئی فیس یا قیمت نہیں ہوتی

## سوال: تلاش روزگار میں مصروف شخص کیلئے کتلان ادارہ روزگار میں اپنا نام لکھانا کس وجہ سے لازمی ہے۔؟

جواب۔ تلاش روزگار میں مصروف افراد کیلئے لازمی ہے کہ وہ ایک مخصوص مدت کے بعد اپنے روزگار دفتر میں اس دستاویز کی تجدید کروالیں جو نہیں جاری کی جاتی ہے۔ عام طور پر یہ مدت تین ماہ کی ہوتی ہے

اگر آپ اپنی تلاش روزگار کی پرچی کی تجدید نہیں کرواتے تو اس کا نام ادارے سے خارج ہو جائے گا جس کا یہ مطلب ہے کہ آپ نے تلاش روزگار کو ترک کر دیا ہے اور آپ کسی قسم کی پیشہ وارانہ سرگرمی میں حصہ نہیں لینا چاہتے اور اگر ہم بیروزگاری الاؤنس لیتے ہیں تو ایسی صورت میں وہ الاؤنس ختم کر دیا جائے گا۔ اگر ہمارا نام کسی وجہ سے خارج ہو گیا ہے تو ہمیں چاہئے کہ اس کی تجدید کروالیں

حصول روزگار کیلئے بہتر سروس کیلئے مناسب ہوگا کہ ہم بروقت اپنی پرچی کی تجدید کرواتے رہیں۔ چاہے وہ تلاش روزگار کیلئے ہو یا ہماری پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی بہتر کیلئے مختلف کورسز۔ نئے تجربات اور پیشہ وارانہ معاملات وغیرہ

## سوال: اگر ہم اپنا ذاتی کاروبار شروع کرنا چاہتے ہوں تو کیا اس کیلئے مالی امداد بھی مل سکتی ہے۔؟

جواب ۔ کتلان ادارہ برائے روزگار اپنے جیسے ہی دوسرے ادارے 'کتلان ڈیپارٹمنٹ برائے محنت وانڈسٹری' **Departament de Treball i Indústria de la Generalitat de Catalunya** کی مدد سے جو ایک پرائیویٹ فاؤنڈیشن کے طور پر کام کرتا ہے جیسے دوسرے مالیاتی ادارے ۔ جہاں سے ہمیں اپنا کام کرنے کیلئے (autoocupar-nos) 'اپنا کاروبار شروع کرنے کیلئے یا تاجر (emprenedores) کی حیثیت سے مالی مدد مل سکتی ہے

ایسی امداد بینکس سے پاک اور فنانس کی بہتر شرائط کے ساتھ مل سکتی ہے۔ کچھ مالیاتی ادارے ایسے افراد کیلئے جو کوئی ضمانت (avals) یا گارنٹی فراہم نہیں کر سکتے ان کیلئے مائیکرو قرضے بھی عام طریقہ کار کے تحت فراہم کرتا ہے

اس کیلئے ضروری ہے کہ ہم پہلے اس سرکاری ادارہ سے معلومات حاصل کریں تاہم پورے ملک میں پھیلے ہوئے مالیاتی اداروں اور کاروباری افراد کی تنظیموں اور پیشہ وارانہ افراد سے مشورہ کریں

ہماری دلچسپی کی ویب سائٹ جہاں سے ہمیں معلومات مل سکتی ہیں

http://www.gencat.cat/temes/cat/empresa.htm

http://www.cidem.cat

## سوال: اگر ہم کتلونیا میں کام تلاش کرنا چاہتے ہیں تو اس کیلئے ہمیں کہاں رابطہ کرنا چاہئے۔؟

جواب ۔ اگر آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کتلونیا میں کسی قسم کی جاب آفر موجود ہیں اور کہاں کہاں ان کی ضرورت ہے تو اس کیلئے متعدد جگہیں ایسی ہیں جہاں آپ رابطہ کر سکتے ہیں

۔ کتلان دفتر برائے روزگار

http://www.oficinatreball.cat/socweb/opencms/socweb_ca/web_institucional/otg.html

۔ پیشہ وارانہ تربیت اور ریفریشر کورس کے مراکز (Centres d'Innovació i Formació Ocupacional, CIFO) جہاں بیروزگار افراد اور برسر روزگار افراد کیلئے مختلف کورسز کا اہتمام کیا جاتا ہے اور کسی بھی پیشہ وارانہ ترقیتی معاملات کیلئے ایک مستند حوالہ ہیں

۔ E-CIFO فاصلے سے پیشہ وارانہ تربیت یا ٹیلی طریقہ تعلیم کے مراکز

۔ کتلان ادارہ برائے روزگار کے معاون دفاتر جن میں سماجی بہبود کی تنظیمیں ۔ مختلف ایسوسی ایشن ۔ فاؤنڈیشن ۔ ترقیتی ادارے وغیرہ شامل ہیں ۔ جو محکمہ محنت اور انڈسٹری **Departament de Treball i Indústria** سے منظور شدہ ہیں اور مختلف پیشہ وارانہ کورسز کا اہتمام کرتے ہیں

۔ جنرلیتات کے دفاتر برائے روزگار سے ہمیں ایسے مراکز کے بارے میں معلومات مل سکیں گی جو دور بیٹھے کورسز اہتمام کرتے ہیں یا اس کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

http://www.oficinatreball.cat/socweb/export/sites/default/socweb_ca/ciutadans/formacio/index.html

۔ چیمبر آف کامرس (**Cambra de Comerç**) اورو مختلف مالکان کی تنظیموں۔ مختلف شعبہ جات میں مالکان کی تنظیموں سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

۔مزدور یونین (**Sindicats**) کے دفاتر سے بھی ہمیں تلاش روزگار بارے رابطہ اور معلومات مل سکتی ہیں

۔ملازمین کے انتخاب کیلئے مخصوص ادارے (**Empreses de selecció de personal, ESP**)۔ جو دوسرے اداروں کیلئے ملازمین کا پہلے انتخاب کرتے ہیں اور اس کیلئے اخبارات میں اشتہار دیتے ہیں

۔عارضی کام کے ادارے (**Empreses de Treball Temporal, ETT**)۔ان اداروں کا مقصد دوسرے اداروں کو وقتی بنیاد پر ملازمین فراہم کرنا ہے

http://www.cat365.net/Inici/FetsVitals/TrobarFeina/OfertesServeis IntermediacioIRecursos/ETTs/

۔اخبارات۔قومی۔ ریاستی کتلان مقامی اور مفت تقسیم کیے جانے والے اخبارات میں عام طور پر اتوار کی اشاعت میں کام کی پیشکش موجود ہوتی ہیں

۔ٹیلی ویژن۔ ٹیلی ٹیکسٹ کے ذریعے کام کی پیشکش دیکھی جا سکتی ہیں

۔انٹرنیٹ پر مختلف کام کے بارے میں ملازمین کی ضرورت کے کالم موجود ہوتے ہیں

http://www.infofeina.com
http://www.comarcalia.com/general/borsa_treball.asp?xxi=1
http://www.infojobs.net
http://www.infoempleo.es
http://www.laboris.net
http://www.teletreball.net

۔کارپوریشن اور مضافاتی کونسل بھی معاشی و روزگار بارے مختلف کام بارے معلومات فراہم کرتے ہیں

۔یونیورسٹی اور پیشہ وارانہ ترتیبی کالجز (**col·legis professionals**) میں بھی آپ کو ضرورت ملازمین کی سہولت میسر ہوتی ہے

۔سوک سنٹر اور دوسرے مراکز اور سماجی تنظیمیں بھی اپنے اشتہاراتی بورڈ پر ضرورت ہے کی اعلانات چسپاں کرتی ہیں

۔غیر سرکاری سماجی تنظیمیں۔ یورپی سوشل فنڈز (**Fons Social Europeu**) اور محکمہ محنت و انڈسٹری (**Departament de Treball i Indústria**) اور دیگر مالیاتی اداروں کے مالی تعاون سے تلاش روزگار میں مددگار اداروں اور تنظیموں بارے معلومات فراہم کر سکتے ہیں ایسے ادارے جو کتلان ادارہ برائے روزگار کی معاونت کرتے ہیں یا کسی بھی غیر سرکاری تنظیم یا میونسپل کارپوریشن کے شہری معلوماتی دفتر (**Oficines Municipals d'Atenció al Ciutadà, OAC**) یا کتلان فیڈریشن برائے سماجی رضا کاران

http://www.federacio.net

ایسے تمام مراکز عام طور پر معلومات دفاتر ہیں یا وہ تلاش روزگار میں آپ کی مدد و رہنمائی کرتے ہیں

## کام کرنے کا معاہدہ۔ملازم خواتین وحضرات کا حق اور قانونی طور پر لازمی ہے

## LA CONTRACTACIÓ LABORAL. DRETS I DEURES DELS TREBALLADORS I LES TREBALLADORES

### سوال: ہمیں کام تلاش کرنے سے پہلے کون سے بنیادی کام کرنا چاہئیں۔؟

جواب۔کتلان ادارہ برائے روزگار SOC میں اپنا نام تلاش روزگار کی لسٹ میں لکھوانے کے ساتھ ساتھ ہمیں سب سے پہلے اپنا کوائف نامہ ,*curriculum vitae*) ***CV***( بہتر انداز میں تیار کرنا چاہیے

کوائف نامہ یا **CV** آپ کے ذاتی ۔تعلیمی۔ پیشہ وارانہ تربیت کے بارے ایک مکمل رپورٹ ہوتی ہے جس میں کسی بھی کام کے سلسلے میں آپ کے تجربہ بارے اندراج ہوتا ہے ۔کوائف نامہ کیلئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ پرکشش ۔توجہ اپنی طرف مبذول کروانے والا اور دیکھنے والے کو اس بات پر مجبور کردے کہ وہ اس کے بارے میں ضرور غور کرے۔اس میں اس بات کی وضاحت ہونا چاہیے کہ ہم کون ہیں۔ہمیں کیا کچھ آتا ہے۔ ہماری کیا اہمیت ہوسکتی ہے اور ہماری شرائط کیا ہیں وغیرہ

کتلان ادارہ برائے روزگار **SOC** تلاش روزگار کے سلسلے میں بہت سے کام سرانجام دیتا ہے جن میں نئی ٹیکنیک استعمال کی جاتی ہے۔ہم ضرورت ملازمین بارے کسی بھی جزئیات کے دفتر برائے روزگار سے براہ راست رابطہ کر کے یا ان کی ویب سائٹ **www.oficinatreball.cat** سے مکمل معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ ہم تلاش روزگار کے مختلف دفاتر اور تنظیموں سے رابطہ کرسکتے ہیں جو نہ صرف کام کی تلاش میں ہماری رہنمائی کرتی ہیں بلکہ ہمیں اپنا کوائف نامہ **CV** بنانے میں بھی مدد کرتے ہیں۔اس کے علاوہ وہ ہمیں کام تلاش کرنے بارے طریقہ کار بھی بتاتے ہیں

**کوائف نامہ کی تیاری کے بعد ہمیں متحرک ہو کر مندرجہ ذیل کام کرنا چاہئیں**

- ہمیں اپنے تمام جاننے والے افراد سے رابطہ کر کے بتانا چاہیے کہ ہمیں کام کی تلاش ہے
- اخبارات میں شائع ہونے والے اپنی دلچسپی کی جگہوں پر اپنا کوائف نامہ بھیجنا
- انٹرنیٹ پر ضرورت ملازمین کے کالم میں اپنا نام درج کروانا
- تلاش روزگار بارے تمام مقامات اور تنظیموں کے دفاتر میں اپنے نام کا اندراج کروانا
- مختلف مقامات پر جن میں کمرشل سنٹر اور مفت اخبارات شامل ہیں تلاش روزگار کا اشتہار لگانا
- عارضی کام دلوانے والے اداروں سے رابطہ کرنا اور انہیں اپنا کوائف نامہ بھیجنا
- اپنے آپ کو ملازمت کے انٹرویو کیلئے تیار کرنا اس سلسلے میں ہمیں کسی بھی لائبریری سے معلوماتی گائیڈ مل سکتی ہے جس سے ہم رہنمائی حاصل کرسکتے ہیں۔اس میں ممکنہ سوالات اور ان کے جوابات بارے مکمل تفصیل موجود ہوتی تاکہ ہمیں اندازہ ہوسکے کہ کس قسم کے سوالات ہوسکتے ہیں
- اپنے تجربات کی روشنی میں ایسے اداروں کی فہرست تیار کریں جہاں آپ کو ملازمت ملنے کا امکان ہوسکتا ہے ان تمام اداروں کو اپنا کوائف نامہ CV بھیجیں

### سوال: اس بات کا اندازہ کرنے کیلئے کہ ہمارے کام کا معاہدہ صحیح طریقے سے طے پا گیا ہے ہمیں کیا کرنا چاہیے۔؟

جواب۔ اس بات کو چیک کرنا چاہیے کہ کمپنی یا ادارے کے مالک نے سوشل سیکورٹی میں ہمارا اندراج کروادیا ہے اور اس میں کون کون سی شرائط رکھی ہیں (کس تاریخ کے بعد ہمارا ٹیکس شروع ہوگا) سوشل سیکورٹی میں ملازم کا اندراج کام شروع کرنے سے پہلے ہوتا ہے۔قانونی طور پر لازمی ہے

اس کا پتہ لگانے کیلئے کہ مالک نے نام سوشل سیکورٹی میں درج کروادیا ہے ہمیں سوشل سیکورٹی جنرل آفس **Tresoreria General de la Seguretat**) **Social**( سے رابطہ کرکے اپنے کام کی رپورٹ (**informe de vida laboral**) مانگنا ہوتی ہے یہ کام آپ ادارے کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ یا ٹیلی فون

901 50 20 50 کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں

www.seg-social.es/inicio/?MIval=cw_usr_view_Folder&LANG=1&ID=37807

سوشل سیکورٹی کی رپورٹ برائے کام میں اس بات کا اندراج ہوتا ہے کہ آپ کا ٹیکس کب سے شروع ہوا۔ اس کا مطلب ہے کہ سرکاری طور پر آپ کس تاریخ سے برسرروزگار تصور کئے جاتے ہیں۔ اس میں اس ادارے کا نام بھی شامل ہوتا ہے جس میں آپ کام کر رہے ہیں۔ آپ کے کام کی اختتامی مدت یا آپ کا نام کتنے عرصہ کیلئے معاہدے میں درج ہے۔ کتنے دن کیلئے آپ کا ٹیکس ادا ہو چکا ہے۔ ہماری سوشل سیکورٹی میں شناختی نمبر کون سا ہے اور ہمارا معاہدہ کام کتنے گھنٹے کیلئے ہے۔ پورے دن کیلئے یا آدھے دن کیلئے یعنی ہمارا کام کا کنٹریکٹ کیا ہے وغیرہ

## سوال: ہم اس بات کا کس طرح اندازہ کر سکتے ہیں جو کام کا معاہدہ ادارے کے مالک نے ہمارے ساتھ کیا وہ قانونی طور پر درست ہے۔؟

جواب۔ کسی بھی معاہدہ پر دستخط کرنے سے پہلے ہمیں اس میں شامل تمام شرائط کو بغور پڑھ لینا چاہیے۔ یہ تمام شرائط قانون (Estatut dels Treballadors) کے مطابق ہونا چاہئیں اور اس میں دوسری شرائط بھی کسی بھی شعبہ سے متعلق معاہدہ (conveni col·lectiu) کے مطابق ہی طے کی جا سکتی ہیں کسی بھی شک وشبہ کی صورت میں معاہدہ پر دستخط کرنے سے پہلے اور دستخط کرنے کے بعد بھی ہم پرائیویٹ ماہرین (وکلاء کاؤنٹ) کے ذریعے یا مزدور یونین کے دفاتر سے رابطہ کر سکتے ہیں

## سوال: کسی عارضی کام کے دفاتر ETT کے ذریعے کام کرنے سے کیا مراد ہے۔؟

جواب۔ انہیں عارضی کام کے دفاتر ETT کہا جاتا ہے اس سے مراد وہ ادارہ ہے جو کسی بھی دوسرے ادارے کو عارضی طور پر ملازمین کی فراہمی کرتا ہے۔ اور اس ادارے کے ذریعے کام کرنے والے افراد کی نوعیت عارضی ہے۔

عارضی کام کے دفاتر ETT کسی بھی صورت میں کسی ادارے میں مزدوروں کی ہڑتال کے موقع پر ملازمین فراہم نہیں کر سکتے۔ قانون کے مطابق ایسے کام جنہیں خطرناک گنا جاتا ہے اور جہاں صرف پیشہ وارانہ تربیت یافتہ افراد ہی کام کر سکتے ہیں وہاں بھی عارضی معاہدہ کے افراد کام نہیں کر سکیں گے۔ جب تک وہاں پر موجود ملازم کو فارغ ہوئے ایک سال کا عرصہ نہ ہو چکا ہو۔ صرف ایسی صورت میں ہی کوئی عارضی کام کے دفاتر ETT کی جانب سے بھیجا ہوا شخص کام پر رکھا جا سکتا ہے

کسی دوسرے ادارے کیلئے ملازم کی فراہمی میں مندرجہ ذیل باتیں شامل ہوتی ہیں

- کوئی بھی کام یا سروس جس کی مدت کا تعین ہو
- کام میں زیادتی کی وجہ سے مزید ملازمین کی فراہمی
- کسی بھی ملازم کی جگہ عارضی ملازم کی فراہمی جو واپس اپنی جگہ پر کام کرنے کا حق رکھتا ہے
- کسی بھی مستقل کام پر ملازم کی فراہمی جب تک متعلقہ ادارے کو انٹرویوز کے بعد مناسب شخص نہ مل جائے

عارضی کام کے دفاتر کے ذریعے کام کرنے والے اداروں کے ملازمین کے حقوق درج ذیل ہیں

- کم از کم تنخواہ متعلقہ شعبہ میں موجودہ معاہدہ کے مطابق ہونی چاہیے جس میں اضافی تنخواہ۔ چھٹیوں اور ہفتہ وار چھٹی تمام بارے وضاحت ہونا چاہیے
- کام کا معاہدہ ختم کرنے کی صورت میں اضافی مشاہرہ (ایک سال کی 12 چھٹیوں کے حساب سے)
- عارضی کام کے دفاتر کی خدمات کیلئے کوئی فیس نہیں لی جانا چاہیے
- کام کے دوران حادثات سے بچاؤ (prevenció de riscos laborals) کیلئے مناسب کورس اور رہنمائی بالکل مفت ملنا چاہیے
- صحت کی بتدریج دیکھ بھال

- عارضی کام کے دفاتر کے نمائندہ کے ذریعے کسی قسم کی شکایت کی صورت میں رابطہ

کسی بھی ادارے کے ملازم کی حیثیت سے ہمیں یہ حق حاصل ہے کہ ہم اس ادارے کی جانب سے فراہم کردہ سہولتوں اور ٹرانسپورٹ سے مستفید ہوسکیں اس کیلئے ہم عارضی کام کے دفاتر کے نمائندہ سے بات کر سکتے ہیں

## سوال: ہمارا کام کا آخری معاہدہ ختم ہونے کے بعد کیا ہم بیروزگاری الاؤنس کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔؟

جواب۔ بیروزگاری الاؤنس کے حصول کیلئے ہمیں سوشل سیکورٹی کی جانب سے مقرر کردہ حد کی صورت میں ہی یہ حق حاصل ہے۔اس کیلئے آخری چھ سالوں کے دوران کم از کم 360 دن کا کام ہونا ضروری ہے

چاہے ہم وقفے وقفے کے ساتھ کام کریں اس کے باوجود ہمیں بیروزگاری الاؤنس کیلئے آخری چھ سالوں میں کل ملا کر 360 دن کے لیگل کام کے بعد بیروزگاریا لاؤنس کا حق حاصل ہے۔اس کیلئے چاہے ہم عارضی کام یا مستقل طور پر کام کریں یا قانونی طور پر ایک تہائی کام کیا ہوا ہو اس سلسلے میں سوشل سیکورٹی میں درج کام کے دنوں میں جن کی صورت میں ہمیں بیروزگاری الاؤنس لینے کا حق حاصل ہے وہ 120 دن ہیں۔ بیروزگاری الاؤنس لینے کا حق مذکورہ شخص کی چند ایک ذمہ داریوں پر منحصر ہے۔جس میں کام کرنے کی کی درخواست کی تجدید۔اور بیروزگاری کے دوران کسی قسم کا دوسرا منافع بخش کام نہ کرنا شامل ہیں۔اس سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے آپ جزئیات کے دفتر برائے روزگاریاں کی ویب سائٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

http://www2.inem.es/FAQsWeb/prestaciones/web/asp/faqs.asp?proceso=pregunta&desc&id=6051

Tema=REQUISITOS%20DE%20ACCESO%20A%20LAS%20PRESTACIONES

جب ہم بیروزگاری الاؤنس کیلئے درخواست دیتے ہیں تو ہمیں اس بات کا اعادہ کرنا ہوتا ہے کہ کام کی تلاش کرتے رہیں گے اور اس دوران ہمیں کوئی مناسب ملازمت ملی تو ہم اس سے انکار نہیں کریں گے۔اس کے علاوہ تلاش روزگار اور اس سلسلے میں معلوماتی۔ ترمیتی۔ پیشہ وارانہ۔ ریفریشر کورسز اور اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ان ذمہ داریوں کو متحرک رہنے کا عہد۔(compromís d'activitat) کہا جاتا ہے۔

ہمارے جمع شدہ بیروزگاری الاؤنس کے ساتھ ساتھ دوسری معاشی معاونت کی سکیمیں(prestacions de caràcter assistencial) بھی موجود ہیں۔ جن سے ہم بعض ناگزیر حالات میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں جیسے ہماری جمع شدہ رقم بیروزگاری الاؤنس کے خاتمے کی صورت میں اگر ہمارے ذمہ بچوں کی کفالت بھی ہے۔کسی بیرون ملک سے قید سے رہائی کے بعد۔ 52 سال سے زائد العمر ہونے کی صورت میں۔جمع شدہ بیروزگاری الاؤنس کی رقم انتہائی کم ہونا وغیرہ وغیرہ )ایسی صورت میں ہمیں ایک مخصوص رقم دی جاتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہمیں طبی امداد کی سہولت میسر رہتی ہے۔

اپنی ریذیڈنسی کی تجدید کا مطلب ہے کہ آپ کا سوشل سیکورٹی کا ٹیکس پورا ادا ہو چکا ہے یا آپ کا نام اس میں درج ہے۔تجدید کیلئے ہمارا سوشل سیکورٹی میں اندراج اور معاہدہ جاری ہونا چاہئے۔

عارضی طور پر سیزنل کام کرنے والے غیر ملکی ملازمین اور گھریلو کام کرنے والے افراد کو بیروزگاری الاؤنس کا حق حاصل نہیں کیونکہ وہ اس کا ٹیکس ادا نہیں کرتے۔

## سوال: کسی بیماری کی صورت میں ہماری ملازمت اور کام کے معاہدہ کا کیا ہوگا۔اس کے علاوہ اگر کام کے دوران ہم کسی حادثے کا شکار ہو جاتے ہیں تو۔؟

جواب۔ بیماری اور حادثے کی صورت میں تمام ملازمین کو عارضی معذوری یا کام نہ کرنے کی عدم صلاحیت یا مستقل معذوری کی صورت میں بھی جتنا عرصہ کام کا معاہدہ معطل رہے گا اتنا عرصہ ہمیں معاوضہ ملتا رہے گا۔اسے معاہدہ معطل اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ اس دوران کام نہیں ہو رہا ہوتا۔ایسی صورت میں کام کا معاہدہ ختم نہیں ہوتا جب تک ہم بیماری کی

وجہ سے کام نہیں کر سکتے یا مستقل طور پر معذور ہیں۔

کسی عام بیماری کی صورت میں جیسے نزلہ زکام یا جب کبھی ہماری کوئی آپریشن ہوا ہوتو اور ہمیں گھر پر آرام کا کہا گیا ہوتو ایسی صورت میں ہمیں کوئی بھی الاونس اس وقت تک نہیں ملے گا جب تک ہم نے آخری پانچ سالوں میں 180 دن کم ازکم کام نہ کیا ہو۔

معاہدہ معطل جس میں کام کے دوران کوئی حادثہ ہوجائے یا کوئی کیمیائی مادہ چھوجانے سے کوئی بیمار ہوجائے اور عام بیماری کی صورت میں کوئی بھی میڈیکل الاونس لینے میں صرف ایک فرق ہے کہ پہلی صورت کیلئے مقررہ مدت کے کام کی کوئی شرط نہیں جبکہ عام بیماری کی صورت میں کم ازکم ادائیگی ٹیکس کی شرط موجود ہے۔

اگر کسی کی میڈیکل چھٹی کے دوران اس کا کام کا معاہدہ ختم ہوجائے تو بھی مذکورہ ملازم متعلقہ سرکاری ادارے سے مالی امداد حاصل کرتا رہتا ہے۔